Maulana Azad National Urdu University

B.A. (Urdu) : IV Semester Examination, July 2023

Paper - BAUR411CCT : Sheri Asnaf - I

پرچہ : شعری اصناف

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، دوم وسوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو(200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جوب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال 1:

i۔ بعض علماء ادب غزل کا رشتہ ''غزل الکلب'' سے جوڑتے ہیں جس کے لغوی معنی ہیں۔

(A) ہرن کی چال (B) ہرن کی آنکھ (C) ہرن کی سہمی اور درد بھری آواز (D) کتے کی سہمی اور درد بھری آواز

ii۔ درج ذیل میں سے کون مجاز کی قسموں یا علم بیان میں شامل نہیں ہے۔

(A) تشبیہ (B) استعارہ (C) مجاز مرسل (D) ترصیع

iii۔ ''سخن سنج بے نظیر اور خدائے سخن'' سے کس شاعر کی قادر الکلامی کا علم ہوتا ہے

(A) میر تقی میر (B) مرزا غالب (C) حکیم مومن خان مومن (D) ناصر کاظمی

iv۔ ۔۔۔۔ بنیادی طور پر مرثیہ کے شاعر تھے لیکن بہترین رباعیاں تخلیق کیں۔

(A) امجد حیدر آبادی (B) فراق گورکھپوری (C) مرزا ببر علی انیس (D) مرزا سلامت علی دبیر

v۔ کس صنف شعر کے پہلے، دوسرے اور چوتھے مصرعے کا ہم قافیہ ہونا ضروری ہے

(A) مربع (B) رباعی (C) مسمط (D) معرا

vi۔ مشہور اور متنازعہ شامل نصاب نظم ''صبح آزادی'' کس کی ہے۔

(A) فیض احمد فیض (B) نظیر اکبر آبادی (C) جوش ملیح آبادی (D) اختر الایمان

vii۔ جس نظم کے تمام مصرعے برابر ہوں لیکن ان میں قافیہ نہ ہو تو اسے ۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

(A) آزاد نظم (B) نظم معرا (C) مسمط (D) پابند نظم

viii۔ ''غزل'' کس کے مجموعہ کلام کا نام ہے۔

(A) پروین شاکر (B) ناصر کاظمی (C) مجروح سلطان پوری (D) فراق گورکھپوری

ix۔ ۔۔۔۔کی غزلوں کا استعاراتی انداز اور میر تقی میر کی اتباع ان کے واقعاتی کرب، دل گیری اور سماجی بدنظمی کے بیان کو مزید دو آتشہ کر دیتی ہے۔

(A) پروین شاکر (B) ناصر کاظمی (C) مجروح سلطان پوری (D) فراق گورکھپوری

x۔ پروین شاکر کی کتاب ''گوشہ چشم'' کا تعلق کس سے ہے۔

(A) ڈائری (B) متروک اشعار (C) سوانح (D) اخبار کے کالم

حصہ دوم

2۔ غزل کی تعریف اور اس کی خصوصیات بیان کیجیے۔

3۔ اختر الایمان کی نظم ''ایک لڑکا'' کے بارے میں چند جملے لکھیے۔

4۔ نظم کی تعریف اور اس کے اقسام کی صراحت کیجیے۔

5۔ پروین شاکر کا تعارف پیش کیجیے۔

6۔ مرزا غالب کی شعری خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔

7۔ ناصر کاظمی کے بارے میں اپنی واقفیت تحریر کیجیے۔

8۔ جوش ملیح آبادی کا سوانحی خاکہ پیش کیجیے

9۔ نظیر اکبر آبادی کی نظم نگاری کی خصوصیات کو اپنے لفظوں میں بیان کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ میر تقی میر اور ان کی غزل گوئی کے نمایاں پہلوؤں کو اجاگر کیجیے۔

11۔ علامہ اقبال اور ان کے کلام کا مفصل تعارف قلم بند کیجیے۔

12۔ اردو میں جدید نظم نگاری کے ارتقا پر ایک مضمون لکھیے۔

13۔ نظیر اکبر آبادی کی نظم ''روٹیاں'' کا خلاصہ بیان کیجیے۔

14۔ امجد حیدر آبادی اور نصاب میں شامل ان کی رباعیوں کا تعارف پیش کیجیے۔

☆☆☆